# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 10th July, 2024 at 2.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MS. SEHAR KAMRAN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding shortage of doctors and nurses in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILL

**3. SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior to introduce a Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024].

### MOTION OF THANKS

**4. Further discussion** on the following motion moved by **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs on 24th April, 2024:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 18th April, 2024."

### MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**5.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**6. MR. NISAR AHMED** **MR. MUHAMMAD SHABBIR ALI QURESHI**
**MR. ADIL KHAN BAZAI** to invite attention of the Minister for Narcotics Control to a matter of urgent public importance regarding use of narcotics by the students in universities, colleges and schools in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th July, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ ۱۰ جولائی، ۲۰۲۴ء کو دوپہر ۲ بجے منعقد ہوگا۔**

1۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

2۔ **محترمہ سحر کامران** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو اسلام آباد میں ڈاکٹروں اور نرسوں کی کمی سے متعلق ہے۔

## بل کا پیش کرنا

3۔ **سید محسن رضا نقوی،** وزیر برائے داخلہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

4۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے قانون وانصاف اور پارلیمانی امور کی جانب سے ۲۴/اپریل، ۲۰۲۴ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۸/اپریل، ۲۰۲۴ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

5۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

6۔ **جناب نثار احمد** **جناب محمد شبیر علی قریشی** **جناب عادل خان بازئی** وزیر برائے انسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد کی یونیورسٹیوں، کالجوں اور اسکولوں میں طالب علموں کے منشیات استعمال کرنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۹ جولائی، ۲۰۲۴ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**

# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## SUPPLEMENTARY ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 10th July, 2024.

### TO BE READ AFTER ITEM NO. 3

**REPORT OF THE STANDING COMMITTEE-PRESENTATION OF:**

**3A.** **SYED NAVEED QAMAR**, Chairman Standing Committee on Finance and Revenue to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024].

**MOTION**

**3B.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024.

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**3C.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to move that the Bill to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024], as passed by the Senate and reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once under clause (1) of Article 70 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**3D.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to move that the Bill to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**Islamabad, the**
**10th July, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

(ضمنی نظام کار)

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۱۰/جولائی، ۲۰۲۴ء کو منعقد ہوگا۔**

## آئٹم نمبر ۳ کے بعد پڑھا جائے

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۳/الف۔** **سید نوید قمر،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کے بل [ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

**۳/ب۔** **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے قانون و انصاف اور پارلیمانی امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کو زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

## قانون سازی

**۳/ج۔** **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ اور قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ `صورت میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۷۰ کی شق (۱) کے تحت فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**۳/د۔** **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل [ریاستی ملکیتی ادارے (گورننس اینڈ آپریشنز) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

**اسلام آباد،**

**۱۰/جولائی، ۲۰۲۴ء**

**طاہر حسین**

**سیکرٹری جنرل**